130232 ـ مامی کا دودھ پیا تو کیا وہ اس کا بھائی مامی کی بیٹیوں سے شادی کر سکتا ہے ؟

سوال

میں نے اپنی مامی کا اس کی ایك بیٹی کے ساتھ دودھ پیا ہے، اس طرح میں اس بچی کا رضاعی بھائی بن گیا، تو کیا میرے میں اس کی کسی دوسری بہن سے شادی کرنا کسی بھی حالت میں جائز ہے یا نہیں ؟
اور کیا میرے بھائیوں کے لیے میرے ساتھ دودھ پینے والی لڑکی یا اس کی بہنوں سے شادی کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" دودھ پینے والے کے لیے تو ان میں سے کسی ایك سے بھی شادی کرنا جائز نہیں، نہ تو آپ اپنی اس مامی کی کسی بیٹی سے شادی کر سکتے ہیں، اور نہ ہی اس کے خاوند کی کسی بیٹی سے، چاہے کسی دوسری بیوی سے اس کی بیٹی ہو؛ کیونکہ آپ ان دونوں کے رضاعی بیٹے بن چکے ہیں.

اگر آپ نے اپنی مامی کا پانچ معلوم رضعات (یعنی پانچ بار) یا اس سے زائد دودھ پیا ہے اور آپ کی عمر ابھی دو برس تھی، تو آپ اس دودھ پلانے والی عورت اور اس کے خاوند جس کا دودھ تھا دونوں کے رضاعی بیٹے بن گئے، اور ان کی ساری اولاد کے رضاعی بھائی ہونگے.

اس عورت کے اس یا کسی دوسرے خاوند سے جو بھی اولاد ہوگی اس کے رضاعی بھائی ہونگے، اور اسی طرح دودھ والے شخص کی اس بیوی یا کسی دوسری بیوی کی ساری اولاد کے رضاعی بھائی ہونگے، اس طرح وہ آپ کا رضاعی باپ اور وہ عورت آپ کی رضاعی ماں بنےگی، اس لیے ان میں سے کسی ایك کی اولاد سے آپ کے لیے نکاح کرنا جائز نہیں ہوگا.

لیکن آپ کے بھائیوں کے لیے اس شخص کی بیٹیوں سے شادی کرنے میں کوئی حرج نہیں؛ اگر انہوں نے دودھ نہیں پیا تو وہ ان کے رضاعی بھائی نہیں ہونگے، بلکہ یہ حرمت تو صرف آپ کے لیے ہے؛ کیونکہ آپ نے ان کی ماں کا دودھ پیا ہے اس طرح آپ ان کے رضاعی بھائی ہیں.

اگر آپ کے بھائیوں نے دودھ نہیں پیا تو ان کے لیے کوئی حرج نہیں، اور نہ ہی ان لڑکیوں نے آپ کی ماں کا دودھ پیا ہے، اور نہ ہی آپ کے والد کی کسی دوسری بیوی کا دودھ پیا ہو، ان سے نکاح کرنا تو آپ کے لیے حرام ہے؛ اس

لیے آپ ان کے رضاعی بھائی بن گئے ہیں؛ آپ کے بھائی ان لڑکیوں کے لیے اجنبی کی حیثیت رکھتے ہیں، ان کے بھائی تو نہیں " انتہی

فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ.